# In the Name of the Father and the Son and the Holy Spirit

# Old Testament Survey

# پرانے عہد نامہ کا جائزہ

## Lecture No 10

(By: Shoaib Sharoon)

*MPhil. in Biblical Studies, FC College, Lahore*

# روت
# Ruth

یہ کتاب اُس واقعہ کو بیان کرتی ہے جو قضاۃ کے دور میں پیش آیا۔ایک طرف اسرائیلی خُدا سے دور ہو کر غیر معبودوں کی پرستش کرنے لگے تھے،اِس کے برعکس روت کی کہانی ایک موآبی عورت روت کی وفاداری اور خُدا کے پاس آنے کو پیش کرتی ہے۔

یہ پرانے عہد نامہ کی اُن دو کتابوں میں سے ایک ہے جو عورت کے نام سے منسوب ہے۔اِس کتاب کی کہانی ایک عورت کے گرد گھومتی ہے۔یہ کتاب بتاتی ہے کہ ایمان سے بھری ایک غیر قوم عورت کیسے یسوع مسیح کے نسب نامہ میں شامل ہوئی: سلمون اور راحب سے بوعز، بوعز اور روت سے عوبید، عوبید سے یسی اور یسی سے داؤد بادشاہ۔


اِس کتاب کے مواد کی وجہ سے اِسے "فضل کی کتاب، رہائی/چھٹکارے کی کتاب" بھی کہا جاتا ہے۔یہ ایک موآبی عورت کی کہانی ہے جو زندہ خُدا کی طرف راغب ہونے اور غیر معبودوں کو چھوڑنے کی وجہ سے خُدا کی طرفداری کو حاصل کرتی ہے اور ایمانداروں کی لڑی میں شامل ہوتی ہے۔

یہ کتاب مستقل ایمان کی کہانی ہے، منفی حالات کے باوجود ایک ایسی عورت نظر آتی ہے جس نے اُمید نہ چھوڑی۔

یہ نجات اور بحالی کی کہانی ہے۔یہ عزیز مرد (بوعز) کی کہانی ہے جو بحالی لا سکتا تھا اور لانے کے لئے تیار بھی تھا۔


# مصنف

# Author



روت کی کتاب کے مصنف کا ذکر
نہیں، تاہم یہودی روایات کے
مطابق روت کی کتاب کو سموئیل
نے لکھا۔

# سنِ تصنیف
# Date of Writing




مفسرین کے مطابق یہ کتاب قضاۃ کے دور میں
یا سموئیل کی کتاب کے آغاز کے واقعات کے
دور میں لکھی گئی۔ یہ 11 سال کی تاریخ کو بیان
کرتی ہے۔ کچھ علما کے مطابق یہ کتاب
1150 ق۔م۔ میں لکھی گئی۔ بعض کے
مطابق یہ کتاب 1030 سے 970 ق۔م۔
کے دوران لکھی گئی۔

# وجہ تحریر اور پیغام

# Purpose and Message

اِس کتاب کا مقصد اِس حقیقت کو بیان کرنا ہے کہ قضاۃ کے 400 سالہ دور تاریخ دور میں خُدا پر ایمان رکھنا کیسے محفوظ رہا۔جب اسرائیلی خُدا سے دور ہو رہے تھے تو کس طرح ایمان زندہ رہا۔روت کی کہانی یہ بتاتی ہے کہ کیسے ایمان محفوظ رہا۔اِس کتاب کا ایک اور مقصد داؤد کو متعارف کروانا بھی ہے اور اِس کے ساتھ یہ بھی بتانا ہے کہ غیر قومیں بھی کس طرح خُدا کے منصوبہ میں شامل ہیں۔

اِس کتاب کا پیغام واضح ہے کہ خُدا ایمان سے بھرے خاندان کو محفوظ رکھتا ہے، فکر کرتا ہے۔اور ایک ایمان سے بھرے خاندان سے داؤد بادشاہ آیا۔

روت کی کتاب یہ بتاتی ہے کہ جب لوگ خُدا سے وفادار ہوتے ہیں تو خُدا بھی اُن سے وفادار ہوتا ہے۔یہ کتاب قضاۃ کے برعکس یہ بیان کرتا ہے کہ نافرمانی کے باوجود چند لوگوں میں ایمان موجود تھا۔

# روت کی کتاب کا خاکہ:
# Outline:

**6 اہم حصے**

- موآب میں سکونت اختیار کرنا(1/1-5)
- بیت لحم میں واپسی(1/6-22)
- روت بوعز کے کھیتوں میں(2)
- روت کا چھڑانے والا رشتہ دار(3)
- بوعز چھڑاتا ہے(4/1-12)
- عوبید تک داؤد کا شاہی نسب نامہ(4/13-22)

# ”قرابتی چھڑانے والے“ کے نظریے کا پسِ منظر
# The Background Concept of the Kinsmen Redeemer

پرانے عہد نامہ کے دور میں زمین کی میراث پر قبضہ حاصل کرنے کے لئے نسب نامہ کا ہونا بہت ضروری تھا۔اِس لئے خدا نے اسرائیل کو یہ قانون متعارف کروایا تاکہ کسی بھی طرح سے اُنکی سرزمین ہمیشہ کے لئےاِس طرح نہ چھن جائے کہ واپس آنے کا کوئی موقع نہ ہو۔ یہ قانون زمین،اِنصاف اور اولاد سے متعلق تھا۔

(a) زمین: اگر کوئی زمین بیچ دی جاتی غربت کی وجہ سے تو قرابتی چھڑانے والا کی ذمہ داری ہوتی کہ وہ چھڑائے۔احبار (25/25-34)

(b) اِنصاف: اگر کوئی قتل ہو جاتا تو قرابتی اُسکی جگہ اُسکا بدلہ لیتا۔ گنتی(35/9-34)۔

(c) اولاد: اگر کوئی مرد بے اولاد ہی مر جاتا تو قریبی رشتہ دار اُسکی بیوی سے بیاہ کر لیتا تاکہ اُسکے لئے اُسکی بیوی سے نسل بڑھا سکے۔استثنا(25/5-10)۔

# ”قرابتی چھڑانے والے“ کی اہلیت
# The Qualification of the Kinsmen Redeemer

قرابتی چھڑانے والے میں تین بنیادی خصوصیات ہوتی تھیں:

(a) وہ چھڑانے کا اختیار رکھتا ہو یعنی قریبی رشتہ دار ہو۔ استثنا(25/5،7-10)،روت(2/20)۔

(b) وہ چھڑانے کی قدرت بھی رکھتا ہو یعنی دولت مند ہو۔ روت(2/1)۔

(c) وہ چھڑانے کے لئے تیار بھی ہو یعنی رضاکار ہو/طرف داری کرنے کے لئے تیار ہو۔ روت(3/11)

# اہم مضامین:
# Themes:

(a) قرابتی/رشتہ دار مرد جو چھٹکارا/رہائی دلوائے: The Kinsman-Redeemer

یہودیوں میں Levirate System رائج تھا،(استثنا 25/5-10)۔اِس نظام کے مطابق اگر عورت کا شوہر مر جاتا اور وہ بے اولاد ہوتی تو اُسکی شادی شوہر کے بھائی سے کر دی جاتی تھی تاکہ جو اولاد پیدا ہو وہ اُس کے پہلے شوہر کا نام سے کہلائے۔اِس طرح سے خاندان جلدی ختم نہیں ہوتے تھے بلکہ اُنکا نام زندہ رہتا تھا۔
اِس نظام کی تفسیر میں یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ رشتہ ازدواج کے ساتھ زمین چھڑانے کا رواج بھی موجود تھا۔اِس قانون کے مطابق بیچی گئی زمین کوئی قرابتی چھڑوا سکتا ہے تاکہ زمین خاندان میں ہی رہے۔
یہ دونوں قوانین (شادی اور زمین) بنیادی طور پر خاندان کو محفوظ رکھنے کے لئے تھے (یہ عہد کی وجہ سے تھا جو خُدا نے اُن سے باندھا تھا جسکی وجہ سے وہ اُنکی حفاظت کرتا تھا)۔
خُدا مسلسل اسرائیل کے لئے بطور ''چھڑانے والا'' ٹھہرا۔

# اہم مضامین:
# Themes:

(b) خُدا کی پختہ محبت/عہدی وفاداری:

روت کی کتاب خُدا کی پختہ محبت اور عہدی وفاداری کی کتاب ہے۔

# یسوع مسیح کو روت کی کتاب میں کیسے دیکھ سکتے ہیں؟

یسوع مسیح ہمارا اقرابتی چھڑانے والا ہے۔ بوعز یسوع مسیح کو پیش کرتا ہے۔

(1) یسوع مسیح نے جسم اختیار کیا تاکہ وہ ہماری طرح بن سکے، انسان۔

(2) وہ اِس قابل تھا کہ ہمارا فدیہ دے سکے کیونکہ صرف وہ گناہ سے پاک تھا۔

(3) وہ ہمیں چھڑانے کے لئے راضی بھی تھا۔

# روت کی کتاب کے مطابق نجات کے لئے ہمارا ردِ عمل:

(1) اُس نے فیصلہ کیا کہ زندہ خُدا کے پیچھے جائے گی۔روت(1/16-17)۔

(a) مکمل اطاعت/فرمابرداری۔

(b) پرانی زندگی کو خیر آباد کہنا۔

(c) خُدا کے لوگوں کے ساتھ رفاقت۔

(d) نئی طرزِ زندگی کو اپنانا۔

(e) موت تک وفاداری کا غیر مشروط وعدہ۔

(2) اُس نے رہائی دینے والے کی کھیتی میں کام کرنا کا انتخاب کیا۔روت(2/3-7)۔

(3) اُس نے رہائی دینے والے پر انحشار/بھروسہ کیا۔۔روت(2/12)،(3/9)۔

# Any Questions?